لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد [illegible]	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۶ جون سنہ ۱۹۲۴ء	نمبر ۲۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ کلرک صاحبان دارالانشا ۔	۱
۲	بابت برآمدگی روپیہ از خزانہ بذریعہ اصل حکم ۔	۲
۳	بابت حصول رخصت تحویلداران خزانہ ۔	״
۴	رخصت نورمحمد تحویلدار جیل گھر ۔	״
۵	״ ״ محمد میاں ملیشیا ۔	״
۶	״ ڈاکٹر شفاخانہ رامپور ۔	״
۷	اعلان کتب جدید المطبع ۔	״
۸	نقشہ جات اموات و نرخ اجناس ۔	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۴ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ میر منشی صاحب دارالانشا ۔ بابو کشن سروپ کلرک دارالانشا کی موجودہ تنخواہ پینتالیس روپیہ ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار ترقی بحساب [illegible] مورخہ [illegible] سنہ ۱۹۲۳ء جس میں تیسری سال پانچ روپیہ اضافہ پچاس روپیہ تنخواہ کئے جانے تھا منظور فرمایا گیا اور بابو چیل بہاریلال کلرک کی موجودہ تنخواہ انیس روپیہ ماہوار [illegible] میں بھی پانچ روپیہ ماہوار اضافہ عطا ہوا ۔ اب دل اللہ کر صاحب کو پچاس روپیہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ مئی ۱۹۲۴ء

استدعا منظور ہی ۔ بموجب رپورٹ احکام ضابطہ جاری ہو ۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض	جناب عالی	میر ساماں

کچھ عرصہ سی بعض صیغہ جات مین یہ عمل اختیار کر لیا گیا ہی کہ ذریعہ نقل حکم خزانہ سے روپیہ برآمد کیا جاتا ہے جو عمل خزانہ صدر کے خلاف ہی پیشتر خزانہ سے اصل حکم کے ہی ذریعہ سے روپیہ برآمد ہوتا تھا نقل حکم پر روپیہ نہیں برآمد ہو سکتا تھا جیسا کہ دیوان صاحب صدر کی ۱۵ اپریل ۱۹۲۴ء کی تحریر سے ظاہر ہی ۔ لہذا گزارش ہی کہ آئندہ کے لئے بابت برآمدگی روپیہ از خزانہ صدر ایک عام حکم صادر فرمایا جاے کہ ذریعہ اصل حکم خزانہ سے روپیہ برآمد کیا جاے ۔ نقل حکم پر روپیہ نہین دیا جائیگا ۔ اصل حکم وہ سمجھا جائیگا جو بنام دیوان صدر ہو اور اسپر حاکم مجاز کے دستخط ہون ۔ اسکے متعلق مسلکہ تحریر کے ذریعہ دیوان صاحب کو اطلاع بھی دیدیگئی ہی ۔ زیادہ حد ادب دولت جاوید باد ۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲ جون ۱۹۲۴ء

حسب استدعاے صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر احکام ضابطہ جاری ہون ۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض	جناب عالی	میر ساماں

رپورٹ مہتممان خزانہ سے معلوم ہوا کہ اکثر تحویلداران اپنی تجویز سے اپنا عوض مقرر کر کے بلا وساطت خزانچیان براہ راست افسران متعلقہ سے رخصتین حاصل کر لیتے ہین چونکہ تحویلداران مقررکردہ خزانچیان ہین اور انکی تنخواہین خزانچیان ہی کے ذریعہ سے تقسیم ہوتی ہین اور وہ محض خزانچیان ہی کے ذمہ داری پر ہین ایسی حالت مین انکو خزانچیان ہی کے ذریعہ سے رخصت حاصل کرنی چاہئے ۔ لہذا گزارش ہی کہ اس بابت ایک عام حکم صادر فرمایا جاے کہ تحویلداران آئندہ اپنی رخصت کی درخواست مہتممان خزانچیان کے پیش کیا کرین تاکہ دکان سے عوض وکام وغیرہ کا کافی انتظام ہو کر رخصت دیجایا کرے

زیادہ حد ادب دولت جاوید باد

نقل حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

رخصت

۱۰ جون ۱۹۲۴ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر ۔ بابو شنکر سروپ فورمین بجلی گھر کی رخصت دو ماہ یوم استفادہ سے بانجام دہی کار انجینیر صاحب برقی روشنی واسسٹنٹ انجینیر منظور فرمائی گئی ۔

نقل احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۹ جون ۱۹۲۴ء

حسب تحریر صاحب میونسپل افسر ۔ شوکت علیخان اہلمد میونسپلٹی کی مزید رخصت تا ختم رخصت سابقہ سی بعوض مولوی عبدالجبار خان منظور کی گئی ۔ نصف تنخواہ اصل اہلمد اور نصف عوض کو ملیگی ۔

۱۰ جون ۱۹۲۴ء

حسب تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن ۔ ڈاکٹر سید احمد سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ بلاسپور کی مزید رخصت پندرہ یوم بوضع تنخواہ منظور ہوئی ۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہا کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین ۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی اس نادر مجموعہ سے ضرور فائدہ اٹھاے خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھاے ۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہی ۔ اسکی عمدگی کا پتہ نام سے ظاہر ہی جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی علاوہ محصول ڈاک قیمت ۱۲/ ہے

التوحید ۔ کتاب جامع مرکا کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات پر مفصل بحث کی گئی ہی ۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہے

خصائص معاویہ ۔ یہ کتب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع جامد کا کے ملحقات مین ہی ۔ جو رسالہ اصل محمد بن عقیل شہری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی بعض حواشی اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ۱/ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست مہتمم صاحب کتبخانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے ۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست بھوپال

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے جنوری ... آخر مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مار گزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون	ازخانہ نمبر ۱۵ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۵۸	۹	۳۹	۱۵	۱۲۱	۸۶	۳۵	۳۶	۳۲	۳	۳	۴۱	۲۲	۹۰	۴۷	۹۸	۳۹	۰	۳۵	۰	۱۰۲	۰	۰	۰	۱۳۷	
گنج	۶۱	۱۵	۳۳	۸	۱۱۷	۹۴	۲۳	۲۶	۳۱	۲	۸	۳۷	۱۷	۸۳	۵۲	۹۸	۳۷	۰	۲۳	۰	۱۱۲	۰	۰	۰	۱۳۵	
حوالی شہر	۳۹	۴۵	۲۶	۳۹	۱۴۹	۶۵	۸۴	۹	۷	۲	۰	۲۸	۲۳	۳۹	۳۰	۲۵	۴۴	۰	۰	۰	۶۹	۰	۰	۰	۶۹	
عظیم نگر	۸۰	۵۵	۶۲	۵۶	۲۵۳	۱۴۲	۱۱۱	۱۴	۱۸	۵	۹	۷۶	۴۹	۸۶	۸۶	۸۸	۸۴	۰	۰	۰	۱۷۲	۰	۰	۰	۱۷۲	
شاہ آباد	۴۸	۸۳	۲۷	۸۶	۲۴۴	۷۵	۱۶۹	۲۰	۲۲	۶	۲	۲۹	۴۹	۹۵	۷۳	۴۵	۱۲۳	۰	۰	۰	۱۶۸	۰	۰	۰	۱۶۸	
پٹوائی	۲۴	۱۰۲	۱۸	۹۶	۲۴۲	۴۴	۱۹۸	۱۹	۱۹	۴	۰	۴۸	۲۵	۷۱	۴۱	۲۰	۹۲	۰	۰	۰	۱۱۲	۰	۰	۰	۱۱۲	
ملک	۳۱	۲۹۶	۴۲	۲۲۵	۵۹۵	۶۳	۵۳۲	۴۴	۳۴	۳۶	۱۵	۱۱۴	۵۱	۱۶۵	۱۰۲	۴۰	۲۳۶	۰	۰	۰	۲۷۷	۰	۰	۰	۲۷۷	
بلاسپور	۳۴	۴۶	۳۰	۳۷	۱۴۷	۶۴	۸۳	۱۲	۱۰	۹	۵	۶۲	۴۹	۸۳	۶۴	۸۳	۶۴	۰	۰	۰	۱۴۷	۰	۰	۰	۱۴۷	
کیمری	۳۴	۸۱	۲۴	۴۴	۱۸۳	۵۸	۱۲۵	۱۵	۱۰	۴	۰	۵۰	۳۳	۶۹	۴۳	۳۶	۷۶	۰	۴	۰	۱۰۸	۰	۰	۰	۱۱۲	
سوار	۸۸	۵۷	۶۵	۴۵	۲۶۵	۱۲۳	۱۰۲	۳۵	۱۹	۱۱	۹	۱۰۲	۹۲	۱۴۸	۱۲۰	۱۵۲	۱۱۶	۰	۳	۰	۲۶۵	۰	۰	۰	۲۶۸	
ٹانڈہ	۶۸	۵۲	۲۲	۶۳	۲۰۵	۹۰	۱۱۵	۱۷	۱۰	۷	۳	۳۲	۴۳	۷۰	۳۹	۲۶	۸۰	۰	۰	۰	۱۰۹	۰	۰	۰	۱۰۹	
میزان	۵۲۴	۸۵۲	۴۳۹	۴۱۳	۲۲۲۸	[illegible]	۱۵۴۴	۲۵۷	۲۰۱	۸۴	۵۸	۶۳۳	۴۴۳	۹۸۵	۴۹۸	۶۵۱	۹۴۲	۰	۶۵	۰	۱۴۱۸	۰	۰	۰	۱۴۸۳	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایت ۱۵ جون ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۹ ر	۹ ا ر			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۱۵ ا ر	۱۳ ا ر			
نخود کستہ آمیز			۱۲ ا ر	۱۲ ا ر			
کسنہ			۱۲ ا ر	۱۷ ا ر		،	
ماش			۱۰ ا ر	۱۰۸ ا ر			
مونگ			۱۰ ا ر	۰			
مکا			۰	۰			
چنا			۱۷ ر	۱۰،۱۷ ا ر			
کودھی			۱۳ ر	۱۰،۱۲			
مسور			۲۳ ا ر	۱۵ ا ر			
اڑہر			۱۵ ا ر	۱۲ ا ر			
برنج			۵ ا ر	۵ ا ر			
[illegible]			۰ ا ر	۷ چھٹانک			
روغن [illegible]			۱۰ ا ر	۱۰ ا ر			
روغن کنجد			۱ ا ر	۲ ا ر			
نمک سانبھر			۱۰ ا ر	۱۱ ا ر			
نمک لاہوری			۶ ا ر	۵ ا ر			
قند سیاہ			۷ ا ر	۸ ا ر			
باجرہ			۰	۰			

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور